سوال

کیا بہو کی بہن سے شادی کرنا صحیح ہے ؟

جواب

الحمد للہ

جب بیٹے کا کسی عورت سے صرف نکاح ہی ہوجائے تو مرد کے لیے بہو سے شادی کرنا حرام ہوجاتا ہے؛ کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اور تمہارے صلبی بیٹوں کی بیویاں النساء (23).

باپ کے لیے بیٹے کی ساس یا بیٹے کی سالی یا بہو کی بیٹی (جو اس کے بیٹے کے علاوہ کسی اور خاوند سے ہو) سے شادی کرنا جائز ہے؛ کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا حرام کردہ عورتوں کے ذکر کرنے کے بعد فرمان ہے :

اوران عورتوں کے علاوہ باقی عورتیں تمہارے لیے حلال کی گئی ہیں کہ تم اپنے مال کے مہر سے تم ان سے نکاح کرنا چاہو برے کام سے بچنے کے لیے نہ کہ شہوت رانی کرنے کے لیے النساء (24).

چنانچہ باپ کے لیے بیٹے کی بیوی کی بہن یعنی بیٹے کی سالی سے شادی کرنے میں کوئی شرعی مانع نہیں ہے

واللہ اعلم.

اسلام سوال وجواب

127073